Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 8 ستمبر 2025ء، 14 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 159

پاکستان مسلسل موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے، وزیر اعظم

موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے جامع منصوبہ بندی کر رہے ہیں، پیشگی اطلاعات، مضبوط و پائیدار انفراسٹرکچر اور ریسکیو و امداد کا نظام مزید مربوط کرنے کے حوالے سے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

متاثرہ علاقوں میں ریسکیو و ریلیف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر کیا جائے، نقل مکانی کرنیوالے افراد کی بھرپور امداد یقینی بنائی جائے، وزیراعظم، جلالپور پیروالا میں کشتی حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان مسلسل موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کی لپیٹ میں ہے، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات سے بچا کیلئے جامع منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جلالپور پیروالا میں ریسکیو کشتی الٹنے کے حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس اور حادثے میں جاں بحق ہونے والے 5 افراد کے اہل خانہ کے (بقیہ نمبر 6)

دریا کے قریب قائم نجی سوسائٹیز سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تیار

38 سال بعد تباہ کن سیلاب آیا، انڈیا نے بغیر اطلاع پانی چھوڑا

صوبائی حکومتیں مصنوعی مہنگائی کو فوری کنٹرول کریں، رانا تنویر حسین

شرقپور شریف (نامہ نگار) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ دریا کے قریب قائم نجی سوسائٹیز سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تیار کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا سیلاب زدہ علاقے کا دورہ اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 7)

اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز ترمیمی بل 2025 کی منظوری

صدر کی جانب سے بل کی منظوری کے بعد ڈیوٹیز یکم جولائی 2020ء سے مؤثر ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان آصف علی زرداری نے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز ترمیمی بل 2025ء کی منظوری دے دی، صدر کی جانب سے بل کی منظوری کے بعد ڈیوٹیز یکم جولائی 2020ء سے مؤثر ہوں گی۔ بل (بقیہ نمبر 10)

پاک فضائیہ نے 1965ء کی جنگ میں شجاعت کی اعلیٰ تاریخ رقم کی

صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا یوم فضائیہ کے موقع پر خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے یوم فضائیہ پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پاک فضائیہ نے 1965ء کی جنگ میں بہادری اور شجاعت کی اعلیٰ تاریخ رقم کی تھی۔ (بقیہ نمبر 9)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے سپریم کورٹ کا اہم اقدام

اوورسیز لیٹیگنٹس فسیلیٹیشن سیل قائم، سمندر پار پاکستانی واٹس ایپ اور آن لائن پورٹل کے ذریعے رجوع کر سکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے سپریم کورٹ آف پاکستان نے اہم اقدام کر لیا۔ سپریم کورٹ نے اوورسیز لیٹیگنٹس فسیلیٹیشن سیل قائم کر دیا، جس سے اوورسیز پاکستانی واٹس ایپ اور آن لائن (بقیہ نمبر 8)

پاک فضائیہ کی جانب سے 7 ستمبر کی یوم شہداء تقریب

یوم فضائیہ پر ایئر ہیڈکوارٹرز میں تقریب، اپنے مشن پر پوری یکسوئی سے کاربند ہیں، ایئر چیف مارشل

معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں کامیابیاں ایئر فورس کی صلاحیت، عزم کا ثبوت ہیں، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ کی جانب سے 7 ستمبر کو ملک بھر کی تمام ایئر بیسز پر یوم شہداء منایا گیا۔ دن کا آغاز 1965ء اور 1971ء کے معارکوں کے دوران شہادت کا مرتبہ حاصل کرنے والے ان تمام افراد کے لیے خصوصی دعاؤں اور قرآن خوانی سے ہوا، جنہوں نے قیام پاکستان سے لے کر اب تک اپنے فرائض کی انجام دہی میں لازوال قربانیاں پیش کیں۔ ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقدہ یوم شہداء کی مرکزی تقریب میں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 1)

پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں۔

پاک فضائیہ کی جانب سے پائلٹ آفیسر راشد منہاس (نشان حیدر) کو خراج عقیدت پیش

سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

یوم فضائیہ، پاک فضائیہ کے ان شہداء اور غازیوں کے غیر معمولی جذبے کی ایک روشن دلیل ہے



اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے پاک فضائیہ کی جانب سے انکی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ ایئر وائس مارشل عامر شہزاد، ایئر آفیسر کمانڈنگ سدرن ایئر کمانڈ، کی قیادت میں پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی جانب سے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ پاک فضائیہ کے دستے نے شہید نوجوان پائلٹ (بقیہ نمبر 2)

پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی عظیم قربانی پر پاک فضائیہ کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے

محترمہ بشریٰ رند سے سینیٹر دنیش کمار پلیانی کی ملاقات

ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی

بلوچستان کی عوامی نمائندوں کی کاوشیں صوبے کے بہتر مستقبل کے لیے نہایت اہم ہیں، سینیٹر دنیش کمار پلیانی

سابق پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محترمہ بشریٰ رند اور سینیٹر دنیش کمار پلیانی کا ملاقات کے موقع پر

کوئٹہ (نمائندہ عوامی للکار) سابق پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی محترمہ بشریٰ رند سے سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی نمائندوں کی کاوشیں صوبے کے بہتر مستقبل کے لیے نہایت اہم ہیں، اور اس طرح کے باہمی روابط صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔ محترمہ بشریٰ رند نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبے میں مزید اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

تھانہ جاتلی پولیس نے سات کلو سے زائد چرس برآمد کر کے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا ایس پی صدر نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا

جو لوگ نوجوان نسل کی رگوں میں زہر گھول رہے ہیں انکو نشان عبرت بنایا جائے گا نشہ کئی معاشرتی برائیوں کو جنم دیتا ہے سید دانیال حسن



اے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں پولیس تھانہ جاتلی کارروائی کے دوران پکڑی گئی بارے تفصیلات بتا رہے ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) اے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں پولیس تھانہ جاتلی نے ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے تقریباً سات کلو دو سو گرام چرس کی بھاری کھیپ پکڑ کر ملزم قمر زمان عرف قمرو کے خلاف منشیات ایکٹ 3 (1) 9 ڈی کے تحت مقدمہ نمبر 463/25 درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ایس پی صدر نبیل کھوکھر نے اے ایس پی سید دانیال حسن اور ایس ایچ او تھانہ جاتلی چوہدری عصمت (بقیہ نمبر 11)

پنجاب کے دریاؤں میں بلند درجہ سیلاب، مجموعی اموات 900 سے تجاوز، جلال پور پیر والا میں فوج طلب، شہر خالی کرنیکا حکم

وزیراعلیٰ کے سیلاب کی صورتحال پر ہنگامی اقدامات

پنجاب کے پانچ بڑے شہروں کی واسا کی مشینری گجرات پہنچا دی گئی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے، مریم نواز شریف کی طرف سے ڈسپوزل اسٹیشن کی موثر کارکردگی کی تعریف

بھارت کی جانب سے پاکستان کو سیلاب سے متعلق نئی معلومات فراہم کرنے کے بعد پنجاب میں اونچے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری، جلال پور پیر والا میں صورتحال خراب، پنجاب میں مجموعی 42 لاکھ افراد متاثر

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جلالپور پیر والا میں کشتی ڈوبنے کے المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گجرات میں سیلاب کی صورتحال پر ہنگامی اقدامات اٹھاتے ہوئے پنجاب کے پانچ بڑے شہروں کی واسا کی مشینری گجرات پہنچا دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پانچ صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے۔ ہنگامی اقدامات پر موثر عملدرآمد کرنے اور صورتحال ٹھیک ہونے تک گجرات میں رہنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر ہاؤسنگ، کمیونیکیشن، ورکس، لوکل گورنمنٹ اور اریگیشن کے صوبائی سیکرٹری گجرات پہنچ گئے۔ لاہور سمیت دیگر شہروں کے واسا کے سینکڑوں واٹر پمپ گجرات پہنچا دیئے گئے۔ دیگر شہروں سے مزید بھاری مشینری، دیگر ضروری ساز و سامان اور عملے کی گجرات آمد کا (بقیہ نمبر 12)

وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس کی قیادت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر چراغاں کا غیر معمولی اہتمام

مریم نواز کی ہدایت پر صوبہ بھر میں عید میلاد النبی پر روشنی کا سیلاب امڈ آیا

لاہور (این این آئی) عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر چراغاں کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں عید میلاد النبی ﷺ پر روشنی کا سیلاب امڈ آیا۔ جشن عید میلاد النبی ﷺ پر لاہور سمیت ہر شہر میں سبز روشنی چمکنے لگی۔ اللہ اور محمد ﷺ، مسجد نبوی کی شبیہ اور چاند تارے والے نیون سائن (بقیہ نمبر 13)

وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین جلال پور جٹاں میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاک فضائیہ نے عوام کو کبھی مایوس نہیں کیا

دشمن کو منہ کی کھانا پڑی، اگلی بار اسکور 6 صفر نہیں 60 صفر ہوگا' ایئر وائس مارشل شہریار خان

ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ جنگ کے علاوہ امن کے وقت میں بھی پیش پیش ہوتی ہے' خطاب

کراچی (این این آئی) ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ ہمارے دشمنوں کو ہمیشہ منہ کی کھانی پڑی۔ اگلی بار اسکور 6 صفر تک محدود نہیں ہوگا بلکہ 60 صفر ہوگا۔ کراچی میں مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مزار قائد پر گارڈز کے فرائض سنبھالنا پاکستان ایئر فورس اکیڈمی اصغر خان کے لیے (بقیہ نمبر 14)

فلڈ ریلیف کیمپوں میں مچھر مار اور جراثیم کش سپرے کا آغاز

سیلاب متاثرہ علاقوں میں قائم ریلیف کیمپوں کے ٹینٹوں میں بھی فوگنگ کی جا رہی ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پنجاب ٹیم صوبہ بھر میں مصروف عمل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوز شریف کی ہدایت پر سیلاب متاثرہ علاقوں کے فلڈ ریلیف کیمپوں میں مچھر مار، جراثیم کش سپرے اور فوگ سپرے کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوز شریف کی ہدایت پر ٹینٹ سٹی میں بھی اینٹی ڈینگی سپرے کا آغاز کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 15)

ایس ایس پی انویسٹی گیشن رضا تنویر سپرا 12 ربیع الاول کے موقع پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان میں چینی گوبھی کی کاشت، پیداوار میں 50 فیصد اضافہ

ایس سی او رکن ممالک میں چینی گوبھی کی کاشت تیزی سے بڑھنے لگی

تیانجن (این این آئی) پاکستان میں چینی گوبھی کی کاشت سے پیداوار میں 50 فیصد اضافہ ہو گیا، تیانجن سائنسدانوں نے مقامی موسم کے مطابق بیج تیار کیے، ایس سی او رکن ممالک میں چینی گوبھی کی کاشت تیزی سے بڑھنے لگی۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 16)

گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں مسلسل اتار چڑھاؤ

ایک بار پھر درمیانے درجے کی سیلابی صورتحال ریکارڈ کی گئی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں مسلسل اتار چڑھاؤ، ایک بار پھر درمیانے درجے کی سیلابی صورتحال ریکارڈ، گڈو بیراج پر پانی کی سطح میں (بقیہ نمبر 17)

عید میلاد النبی ﷺ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشی کا پیغام ہے، مریم نواز

سلام ان پر جو رحمت للعالمین ہیں، سلام ان پر جو وجہ تخلیق کائنات ہیں، سلام ان پر جو فخر موجودات ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد

لاہور (این ای این) عید میلاد النبی ﷺ پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ سلام ان پر جو رحمت للعالمین ہیں۔ سلام ان پر جو وجہ تخلیق کائنات ہیں۔ سلام ان پر جو فخر موجودات ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر امت مسلمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے اور کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ پوری امت مسلمہ کیلئے خوشی کا پیغام ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی دنیا میں تشریف آوری پوری کائنات کیلئے باعث رحمت و سعادت ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات نے بنی نوع (بقیہ نمبر 18)

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا سوات کا دورہ

سیلابوں کے باعث متاثرہ خاندانوں کے مالی و جانی نقصانات کا جائزہ، بی آئی ایس پی کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

سینیٹر روبینہ خالد نے کاروباری سکھ برادری کیلئے مالیاتی اداروں سے آسان شرائط پر قرضوں کی بات چیت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا سوات کا دورہ حالیہ سیلابوں کے باعث متاثرہ خاندانوں کے مالی و جانی نقصانات کا جائزہ؛ بی آئی ایس پی کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی؛ کاروباری سکھ برادری کیلئے مالیاتی اداروں سے آسان شرائط پر قرضوں کی بات چیت؛ وزیر اعظم کی ہدایات موصول ہوتے ہی ریلیف کارروائیوں پر (بقیہ نمبر 3)

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد سوات کے دورہ کے دوران میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ وجیہہ قمر کا سہالی سکول کا دورہ

وفاقی وزیر نے ایک بیٹی۔ ایک شجر پر عمل کرتے ہوئے سکول کے طلباء، سٹاف اور والدین کے ساتھ سکول کے احاطے میں ایک پودا بھی لگایا

سکول پرنسپل ڈاکٹر جاوید مہر نے اب تک کی تمام کامیابیاں تفصیلاً بیان کیں جسے وفاقی وزیر نے بے حد سراہا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) محترمہ وجیہہ قمر صاحبہ یونین کونسل پنڈ بیگوال کے تمام سکولوں کے دورے کے موقع پر سہالی سکول بھی تشریف لائیں۔ سکول کی ننھی طالبات نے پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر والدین بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے وزیر اعظم پاکستان کے وژن ایک بیٹی۔ ایک شجر پر عمل کرتے ہوئے سکول کے طلباء، سٹاف اور والدین کے ساتھ سکول کے احاطے میں ایک پودا بھی لگایا۔ وفاقی وزیر نے کلاس رومز کا بھی دورہ کیا اور بچوں سے باتیں بھی کیں۔ انہوں نے سکول میں اب تک کی کامیابیاں اور مسائل کے بارے میں بھی جاننے کی خواہش ظاہر کی۔ سکول پرنسپل ڈاکٹر جاوید مہر نے اب تک کی تمام کامیابیاں تفصیلاً بیان کیں جسے وفاقی وزیر نے بے حد سراہا جبکہ مسائل (بقیہ نمبر 4)

وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ وجیہہ قمر سہالی سکول میں طالبات کے ہمراہ پودا لگا رہی ہیں

میڈیا کا کردار پاک چین تعلقات اور سی پیک منصوبوں کے فروغ میں اہم ہے، چینی ناظم الامور

یہ ورکشاپ اسلام آباد میں سینٹر فار ڈیموکریسی اینڈ کلائمیٹ اسٹڈیز (سی ڈی سی ایس) نے چینی سفارتخانے کے اشتراک سے منعقد کی

چینی سفارتخانے کے ناظم الامور نے مزید کہا کہ چین اور پاکستان سدابہار اسٹریٹجک شراکت دار اور آہنی دوست ہیں

اسلام آباد: (نمائندہ عوامی للکار) چین کے سفارتخانے کے ناظم الامور مسٹر شی یوان چیانگ نے کہا ہے کہ میڈیا کا کردار پاک۔ چین دوطرفہ تعلقات اور پاک۔ چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے منصوبوں کے فروغ میں نہایت اہم ہے۔ انہوں نے یہ خیالات بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے لیے منعقدہ تربیتی ورکشاپ بعنوان سی پیک رپورٹنگ اور میڈیا ایتھکس کے حوالے سے صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی صلاحیتوں میں اضافہ (بقیہ نمبر 5)

صحافیوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے لیے منعقدہ تربیتی ورکشاپ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک فضائیہ کی جرات و بہادری کو سلام

1965 کی جنگ میں 7 ستمبر کو لڑے جانے والے فضائی معرکے کی یاد میں ملک بھر میں یومِ فضائیہ منایا گیا اس ضمن میں ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ تفصیلات کے مطابق 7 ستمبر کو شاہینوں نے جرات اور بہادری کی تاریخ رقم کی تھی، پاک فضائیہ کے جوانوں نے بہادری سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا جس پر قوم فخر کرتی ہے۔ ایم ایم عالم نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں شجاعت اور بہادری کی ایسی تاریخ رقم کی جو رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی، اسکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم نے دشمنوں کو ناکوں چنے چبوا دیے اور دشمن بھارت کے 5 جنگی طیارے ایک منٹ میں زمین پر مار گرائے تھے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاک فضائیہ کا یوم شہدا 7 ستمبر کو پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) کے تمام بیسز پر عقیدت و احترام سے منایا گیا آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا ہے کہ دن کا آغاز شہدا کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی سے کیا گیا، 1965 اور 1971 کی جنگوں کے شہدا کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، وطن پر قربان ہونے والے تمام شہدا ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ایئر چیف مارشل نے کہا کہ یوم شہدا قربانی، حوصلے، پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی علامت ہے، پی اے ایف تیزی سے بدلتی سیکیورٹی صورتحال میں اپنے مشن پر پوری یکسوئی سے کاربند ہے، معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں کامیابیاں ایئر فورس کی صلاحیت، عزم کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خلا، الیکٹرانک وارفیئر اور سائبر ٹیکنالوجیز کے میدان میں صلاحیتیں مزید بڑھائیں گے، معرکہ حق اور بنیان مرصوص میں کامیابیاں ایئر فورس کی صلاحیت اور عزم کا ثبوت ہے۔ ایئر چیف نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں ہماری آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ ایئر چیف نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیا اور حق خودارادیت کی جدوجہد کو جائز قرار دیا، تقریب کے اختتام پر چیف آف ایئر اسٹاف نے یادگار شہدا پر پھول رکھے۔

فحاشی معاشرے کیلئے زہر قاتل، ٹک ٹاک فحاشی کا اڈہ، بے حیائی کا گہوارہ، غیرت کا جنازہ

برملا خلاصہ
قمر شہزاد مغل
Mughalqamar655@gmail.com

چھوڑ یورپ کے لئے رقصِ بدن کے خم و پیچ
روح کے رقص میں ہے ضرب کلیم اللّٰہی
صلہ اُس رقص کا ہے تشنگی کام و دہن
صلہ اِس رقص کا درویشی و شاہنشاہی

اکیسویں صدی عیسوی کے انسانوں کے لئے سائنس اگرچہ ایک عظیم نعمت ہے لیکن اگر اسکے دوسرے پہلو پر غور کیا جائے تو اسکے بہت سارے منفی اور نقصان دہ نتائج بھی ہیں دور حاضر کا ایک بڑا فتنہ ٹک ٹاک کے نام پر ہمارے دروازوں پر فحاشی و عریانی کا سیلاب لا رہا ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ جب معاشرے میں حیا ناپید ہوتی جا رہی ہے اور بے حیائی کا سیلاب ہے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لیتا۔ جس تباہی کے دہانے پر آج مغربی دنیا پہنچ چکی ہے، اس بے حیائی کے سبب اسی تباہی کے دہانے پر آج پاکستان پہنچ چکا ہے۔ روشن خیالی کے نام پر تاریکیاں مسلط کی جا رہی ہیں، بے حیائی ایک سیلاب کی صورت میں چھا گئی ہے۔ کتنے ہی لوگ ہیں جو ایک ہی گروپ میں رہ کر اس شیطانی کام کو فروغ دیتے ہیں، پھر اختلاف کی صورت میں یا شہرت کے نام پر ایک دوسرے کو قتل کر دیتے ہیں۔ اور ایسے کئی واقعات ہمارے سامنے موجود بھی ہیں اور اب تو اس ایپ کے ذریعے پہلے دوستی کی جاتی ہے اور پھر اگلے بندے کے سٹیٹس مدنظر رکھتے ہوئے پلان تیار ہوتے ہیں کہ کس طرح اس کو لوٹنا ہے۔ دوستی سے ہونے والی شروعات باہمی رضامندی سے بستر تک پہنچتی ہے بعد ازاں کچھ ٹائم گزرنے کے بعد جب دل بھر جاتے ہیں یا نیا شکار ملتا ہے تو ایک دوسرے کو نظر انداز کیا جاتا ہے یا نوبت لڑکی کے قتل و غارت تک پہنچتی ہے یا پھر عورت کارڈ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ اس شیطانی کھیل کا انجام بہت ہی بھیانک ہے جس سے ہمارے نوجوان لڑکوں لڑکیوں کو بچنا چاہیے۔ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ انٹرنٹ کی سوشل میڈیا ویبسائٹس فحاشی اور بے ہودگی کی آماجگاہ بن گئی ہیں۔ کیونکہ مخرب اخلاق اور گندی چیزیں انٹرنٹ کی مختلف ویبسائٹس پر اسطرح آتی ہیں جو بڑی شرمناک اور انسانی تہذیب کے لئے تباہ کن ثابت ہو رہی ہیں۔ بعض مناظر تو ایسے فحش ہوتے ہیں جن سے نوجوان پود دن بدن اخلاقی پستی کا شکار ہوتی جا رہی ہیں۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ ٹک ٹوک کی اس لاعلاج بیماری میں صرف لڑکیاں ہی نہیں، بلکہ بچے بھی دیوانے ہو رہے ہیں اور بچیوں کے ساتھ اپنی ویڈیو بنا کر لوگوں میں شیئر کرتے ہیں، جس سے بیہودگی اور فحاشی اور زیادہ بڑھ رہی ہے۔ کیونکہ انٹرنٹ کی فحش بھری ویبسائٹس کے ذریعے کمائی کے لئے عورت کا عریاں جسم بہت مؤثر ثابت ہو رہا ہے شاید اس بات سے سبھی اتفاق کریں گے کہ اگر انٹرنٹ پر کسی چیز سے دولت کمائی جاسکتی ہے تو وہ جنس اور کھیل ہیں ماڈلوں کے ذریعے جسم کی نمائش کا خوب مظاہرہ ایسا ہوتا ہے کہ ان سے شیطان بھی شرما جاتا ہے۔ ٹک ٹوک ایپ بھی اسی فحاشی اور بے حیائی کو فروغ دینے کے لیے یہود و نصاری کے ابلیسی سوچ سے انٹرنیٹ پر وجود میں لائی گئی ایپ ہے۔ ٹک ٹوک ایسی ایپلیکیشن ہے کہ اس پر نوجوان لڑکے خصوصاً لڑکیاں صرف پندرہ بیس سکینڈ کی ویڈیو جو فحاشی اور بے حیائی کی عکاسی کا منظر پیش کرتی ہے۔ اس ایپ کے مضر پہلوؤں کو دیکھ کر دنیا کے کچھ ممالک میں بند بھی کیا جا چکا ہے، لوگوں کی رائے میں اس ایپ سے معاشرہ متاثر ہو رہا ہے، ایک لمحہ کے لیے جب ہم لڑکے اور لڑکیوں کی کراس ویڈیو پر آتے ہیں جہاں گانوں اور ڈائیلاگز پر نوجوان جنسی اور نازیبا حرکتیں کرتے نظر آتے ہیں جو بے حیائی کا سمندر ثابت ہو رہا ہے۔ انسانیت کے جس سوتے سے احترام، اکرام، خلوص، اخوت، محبت، ایثار، ہمدردی، رواداری، فیاضی، شرم و حیا، پاکدامنی، ایمانداری، فرمابرداری، مساوات، حق پرستی، خدا ترسی، بھائی چارہ، اور انصاف پروری کے چشمے پھوٹتے تھے آج سوشل میڈیا پر مخرب اخلاق اور فحش ویبسائٹس کی وجہ سے معدوم ہوگئے ہیں اور انسان کو اخلاقی قدروں سے محروم کر دیا ہے یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دین اسلام دین فطرت ہے اور حیا و پاکدامنی کی زندگی پسند کرتا ہے۔ جبکہ بے حیائی اور فحاشی سے بالکل منع کرتا ہے۔ اس ایپ کو استعمال کرنے والی اگر مسلمانوں کے علاوہ کوئی اور قوم ہوتی تو اتنا افسوس نہ ہوتا؛ لیکن مسلمانوں کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں، بہوؤں کو دیکھ کر سر شرم سے جھک جاتا ہے۔ وہ قوم جسے پردہ کی تعلیم دی گئی آج وہ پردہ کو در پر پھینک کر بازار میں آگئی ہے۔ بازار کی زینت بن گئی ہے، بے حیائی کے فروغ میں دجالی طاقتوں کا آلہ کار بن کر دین اسلام کو رسوا کر رہی ہے۔ اسلامی تہذیب و ثقافت کا کھلے عام مذاق اڑا رہی ہے۔ ہماری مسلم مائیں، بہنیں اور بیٹیاں غیروں کے ساتھ بوس و کنار کی تصویریں ڈال کر اسلام کو بدنام کر رہی ہیں۔ اسلامی لباس پہن کر فلمی گانوں پر ڈانس کر کے اپنی اداؤں سے غیر مردوں کو لبھا رہی ہیں، نقاب پہن کر بے نقاب ہو رہی ہیں، دنیاوی شہرت اور چند ٹکے کی خاطر اپنی عزت کا سودا کر کے ٹک ٹاک اسٹار بن کر فخریہ گھوم رہی ہیں اور غیرت کو للکار رہی ہیں۔ گھروں کی زینت صنف نازک کو سوشل میڈیا کے گلوبل بازار میں ناچتے دیکھ کر نبی صادق ﷺ کی چودہ سو سال سال پہلے کی گئی پیشین گوئی پوری ہوتی نظر آرہی ہے۔ آج ناچنے گانے والیوں کو عزت دی جا رہی ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ جہاں عدل و انصاف اور صلہ رحمی کا حکم فرماتا ہے، وہیں ظلم و زیادتی اور بے حیائی کے کاموں سے منع بھی فرماتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے" بیشک اللہ تعالیٰ عدل اور احسان اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے، اور بدی، اور بے حیائی، اور ظلم و زیادتی سے منع کرتا ہے، وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم سبق لو" (سورۃ النحل 90)۔ مسلمانوں کیلئے زندگی کا سرچشمہ اور نصب العین دین اسلام ہے۔ مسلمانوں کو دنیاوی عروج اسی کے ذریعے حاصل ہوا اور آئندہ بھی اسی کے سہارے زندہ رہنا ممکن ہوسکتا ہے۔ جو قومیں اچھے اوصاف کو اپناتی ہیں ان کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں دبا سکتی۔ حیا سے ہماری پہچان ہے، حیا ہی تو جان ہے ہماری حیا کا احترام کرنا، حیا کے کلچر کو عام کرنا ہے۔

"دفاعِ پاکستان اور افواجِ پاکستان"



تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی، اسلام آباد

دفاع پاکستان ہر پل، ہر گھڑی، ہر سانس مگر جب بھی ماہ ستمبر آئے گا ہمارے دلوں میں پاک سرزمین کے دفاع کا جذبہ ٹھاٹھیں مارتا سمندر جنوں کی حدوں کو چھوئے گا۔

ماشاءاللہ خدائے یکتا نے ہمارے وطن کے دفاع کے لئے محافظ بھی وہ عطا فرمائے کہ جو بہادری، زیرک نگاہی میں پوری دنیا میں اپنی مثال آپ ہیں، جو نہ صرف پاکستان کا دفاع اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر کرتے ہیں بلکہ وطنِ عزیز کی ساکھ کو بھی دنیا میں بحال رکھے ہیں۔

دعا ہے کہ رب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افواجِ پاکستان کی حفاظت فرمائے، پاک فوج کو زندگی کے میدان میں اپنے ملک کی حفاظت کرتے ہوئے ہر ڈگر پر کامیابیاں عطا فرمائے، سرخرو فرمائے۔

آمین ثم آمین

اے میرے محترم باادب قاری

پاکستان ایک ایسی نعمت ہے جو بے شمار قربانیوں اور جدوجہد کے بعد ہمیں عطا ہوا۔ یہ وطن ہمارے لیے محض ایک خطۂ زمین نہیں، بلکہ ایک امانت ہے جس کی حفاظت ہماری دینی، اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے۔ اس امانت کی پاسداری کا سب سے مضبوط سہارا ہماری بہادر افواج پاکستان ہیں، جو ہر لمحہ سرحدوں پر نگہبان بن کر کھڑی ہیں۔

افواج پاکستان کا کردار محض جنگوں تک محدود نہیں رہا بلکہ قدرتی آفات، سیلابوں، زلزلوں اور دیگر مشکل گھڑیوں میں بھی انہوں نے ہمیشہ عوام کا سہارا بن کر اپنی لازوال خدمات پیش کیں۔ چاہے 1965ء اور 1971ء کی جنگ ہو، کارگل کی سختیاں ہوں یا دہشت گردی کے خلاف طویل معرکہ، ہر دور میں افواج پاکستان نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے اس بات کو ثابت کیا کہ یہ صرف ایک فوج نہیں، بلکہ ایک زندہ قوم کی غیرت و حمیت کا نشان ہے۔

افواجِ پاکستان کے جوان جب برف پوش پہاڑوں پر اپنی چوکیوں پر کھڑے رہتے ہیں، جب ریگستان کی جھلسا دینے والی دھوپ میں پہرہ دیتے ہیں یا جب رات کے اندھیروں میں دشمن کی چالوں کو ناکام بناتے ہیں، تو دراصل وہ قوم کی آزادی اور مستقبل کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ وہ ہیروز ہیں جو اپنی نیند، آرام اور سکون کو قربان کر کے ہمیں چین کی نیند سونے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

پاکستان کا دفاع صرف توپ و تفنگ سے ممکن نہیں، بلکہ عوام کے اعتماد اور اتحاد سے بھی جڑا ہے۔ جس دن قوم اور فوج ایک آواز ہو جائیں، دشمن کبھی ہماری طرف میلی نظر سے نہیں دیکھ سکتا۔

آج کے حالات میں ضرورت ہے کہ ہم نوجوان نسل کو یہ شعور دیں کہ پاکستان کی بقا اور ترقی صرف اسی وقت ممکن ہے جب ہم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑے ہوں اور اپنے اندر بھی ایک مضبوط دفاعی سوچ پیدا کریں۔

افواجِ پاکستان ہماری عزت، غیرت اور آزادی کی ضامن ہیں۔ یہ ہمارے سپاہی ہیں جو شہادت کو اپنی سب سے بڑی کامیابی سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں افواجِ پاکستان اپنی بہادری، ڈسپلن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے باعث ایک منفرد پہچان رکھتی ہیں۔

آیئے ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ جس طرح ہمارے محافظ اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دفاع وطن میں مصروف ہیں، ہم بھی اپنے حصے کا فرض ادا کریں۔ ہم اپنی تعلیم، کردار، اتحاد اور قربانی سے پاکستان کو مضبوط بنائیں، کیونکہ ایک مضبوط قوم ہی ایک مضبوط فوج کے ساتھ مل کر ناقابلِ شکست قلعہ بنتی ہے۔

پاکستان زندہ باد، افواجِ پاکستان پائندہ باد!

اللہ آپ کو ہمیشہ علم، ہنر اور ہمت کے ساتھ نوازے، آمین۔

آخر میں اپنے پاک فوج کے جوانوں کے نام میری لکھی ایک نظم مگر اس سے پہلے اپنی اور پوری قوم کی طرف سے پاکستان کے فیلڈ مارشل آرمی چیف سید عاصم منیر کی پاکستان کی دنیا بھر میں ناموری کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے آپ کو سلام پیش کرتی ہوں اور خدائے یکتا کے حضور دعا گو ہوں، مالکِ کُل مختار پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو صحت و سلامتی والی لمبی حیات عطا فرمانا کہ وہ اسی طرح پاکستان کے دفاع اور فلاح و بہبود کے لئے کوشاں رہیں۔

آمین ثم آمین

(نظم)

"پاک فوج کے جوانوں کے نام"

اے پاک افواج کے
اک اک جوان
تم ہو ہماری پلکوں کے تارے،
تم ہو سب کچھ ہمارے
ہماری ہو عزت و شان
اے پاک فواج کے
اک اک جوان
تم ہو ہمارے اور پاک سرزمین کے محافظ
نڈر، بہادر
وطن کے جیالے
بہادر ماؤں کے پالے
تم ہی تو ہو
ہمارا مان
اے پاک افواج کے
اک اک جوان

(سیدہ نزہت ایوب کاظمی)

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھُولنا کس بیماری کی علامت ہے؟

کراچی (سی ایم لنکس) گھر دفتر یا کسی مارکیٹ کی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اگر آپ کا سانس پھول جاتا ہے تو یاد رکھیں کہ یہ معمولی بات نہیں آپ کو محتاط رہنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس حوالے سے ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ کئی بار سیڑھیاں چڑھتے ہوئے لوگوں کو سانس لینے میں تکلیف ہونے لگتی ہے یہ صورتحال آپ کی صحت سے متعلق بہت سے مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ بہت سے لوگ سانس پھولنے کو اسے نارمل سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں، تاہم ایسا کرنا صحت کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے، دراصل سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھولنا کوئی عام بات نہیں ہے بلکہ یہ بہت سی بیماریوں کی علامت ہے۔ ماہرین کے مطابق سانس کی تکلیف دو وجوہات سے ہوتی ہے، پہلا یہ کہ آپ کے پھیپھڑے ٹھیک سے کام نہیں کر رہے اور آکسیجن کی سطح کم ہے۔ ایک اور وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ آپ کا دل ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر رہا ہے، جس کی وجہ سے خون کی گردش درست نہیں ہے۔ اس کی وجہ سے دل پر اضافی دباؤ پڑتا ہے اور سانس پھولنے لگتی ہے۔۔۔ دمہ کی علامات۔۔۔ اگر آپ کو سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس کی تکلیف محسوس ہوتی ہے تو آپ کو دمہ کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔ سیڑھیاں چڑھنے کے دوران سانس کی تکلیف ظاہر کرتی ہے کہ آپ کے پھیپھڑوں کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔۔۔ موٹاپا۔۔۔ سانس پھولنے کا مسئلہ موٹاپے کے شکار افراد میں بھی زیادہ دیکھا جاتا ہے، دراصل وزن بڑھنے کی وجہ سے پھیپھڑوں کی دیواروں پر اضافی وزن پڑنا شروع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے مسلز کو گہرے سانس لینے اور تیز سانس لینے میں مشکل پیش آتی ہے، اس کی وجہ سے اعصابی نظام کا سانس لینے کا کنٹرول خراب ہو جاتا ہے۔۔۔ سگریٹ نوشی۔۔۔ جو لوگ تمباکو نوشی کرتے ہیں ان کے پھیپھڑے اندر سے خراب ہو جاتے ہیں اور سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ان کو سانس لینے میں تکلیف ہوسکتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

دھوکا دہی، شلپا اور راج کندرا پر بھارت چھوڑنے پر پابندی عائد

معاملے کا کوئی فوجداری پہلو نہیں، یہ پرانا لین دین ہے اور یہ خالصتاً سول نوعیت کا ایشو ہے، وکیل

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ شلپا شیٹی اور شوہر راج کندرا کو 60 کروڑ روپے کے دھوکا دہی کیس میں نوٹس جاری کر دیا گیا۔ شکایت کنندہ دیپک کوٹھاری نے الزام لگایا کہ جوڑے نے 60 کروڑ کا دھوکا دیا، جس کے بعد ممبئی پولیس نے لک آؤٹ نوٹس جاری کیا ہے۔ شکایت کنندہ نے کہا کہ دھوکا دہی کا یہ معاملہ شلپا شیٹی اور راج کندرا کی بند ہوچکی کمپنی بیسٹ ڈیل ٹی وی پرائیویٹ لمیٹڈ سے جڑا ہے، ملزمان نے پہلے قرض مانگا اور پھر اسے سرمایہ کاری دکھا کر ماہانہ منافع کا جھانسا دیا، جوڑے نے 2015 تا 2023 یعنی 8 سال کے دوران کاروباری سرمائے کے نام پر رقم لی مگر اسے ذاتی اخراجات پر خرچ کیا۔ شکایت کنندہ نے بتایا کہ شلپا شیٹی نے 2016 میں بطور ڈائریکٹر کمپنی سے استعفیٰ دیا، جس کے بعد کمپنی دیوالیہ ہوگئی۔

مشی خان شہروں میں پھلتی بے حیائی پر ایک بار پھر پھٹ پڑی

برقع پوش خواتین سے لے کر ٹرانس جینڈرز تک سبھی سرعام جنسی خدمات پیش کرتے دکھائی دیتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ مشی خان نے شہروں میں پھلتی بے حیائی پر ایک بار پھر کھل کر اظہار خیال کیا ہے۔ مشی خان نے اس بار ان مناظر کا تذکرہ کیا ہے جو رات کے وقت شہروں کی سڑکوں پر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ انسٹاگرام پر جاری ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کھلے عام ہونے والی بے حیائی، فحاشی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں پر سخت تشویش ظاہر کی۔ مشی خان کا کہنا تھا کہ رات کے پہر اگر کوئی سڑک پر نکلے تو منظر کسی منی بنکاک سے کم نہیں لگتا۔ ان کے مطابق راولپنڈی اور اسلام آباد میں برقع پوش خواتین سے لے کر ٹرانس جینڈرز تک سبھی سرعام جنسی خدمات پیش کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

کینسر کے علاوہ بھی میں کئی بیماریوں میں مبتلا ہوں، اسماء عباس

اللہ تعالیٰ کے کرم اور بیٹی زارا نور عباس کی ہمت افزائی سے میں نے یہ مرحلہ عبور کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اور سینئر اداکارہ اسماء عباس نے اپنی بیماریوں اور کینسر کے خلاف جنگ کی جدوجہد کے بارے میں پہلی بار تفصیل سے بات کی ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اسماء عباس نے بتایا کہ کینسر کی تشخیص میرے لیے ایک کڑا وقت تھا، لیکن اللہ تعالیٰ کے کرم اور بیٹی زارا نور عباس کی ہمت افزائی سے میں نے یہ مرحلہ عبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی صحت میں کچھ غیر معمولی تبدیلیاں محسوس کر رہی تھی، میرا وزن تیزی سے کم ہو رہا تھا، ابتدا میں خوشی ہوتی تھی کہ وزن کم ہو رہا ہے، مگر بعد میں پتہ چلا کہ یہ کینسر کی علامت ہے، تشخیص میں وقت لگا لیکن اللہ کا شکر ہے بروقت پتہ چل گیا اور میں نے فوراً علاج شروع کیا، دو پروجیکٹس بھی اسی وقت چھوڑ دیے۔ اسماء عباس کا کہنا تھا کہ بہت سے لوگوں نے مجھے امریکا جا کر علاج کروانے کا مشورہ دیا۔

نادیہ خان کا اداکاری سے کوئی تعلق نہیں: خلیل الرحمٰن قمر

کچھ لوگ بلاوجہ میرے تمام پراجیکٹس پر تنقید کرتے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف اور سینئر ڈرامہ نگار و شاعر خلیل الرحمٰن قمر نے حال ہی میں یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے اپنے ڈراموں پر تنقید کا جواب دے دیا۔ خلیل الرحمٰن قمر نے کہا کہ کچھ لوگ بلاوجہ میرے تمام پراجیکٹس پر تنقید کرتے ہیں جس میں نادیہ خان، عتیقہ اوڈھو اور مرینا خان شامل ہیں۔ نادیہ خان کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نادیہ خان کا اداکاری سے کوئی تعلق نہیں، وہ نہ اردو جانتی ہیں نہ انگریزی، میں نے کبھی ان کے ساتھ کام کرنے کا سوچا ہی نہیں، البتہ عتیقہ اوڈھو اور مرینا خان کے ساتھ کام کرنے کا ضرور سوچا ہے، ان کی اردو کمزور ہے لیکن پاکستان میں ڈرامے خالص اردو میں بنتے ہیں، لہٰذا اداکاروں کو یہ سیکھنا ہی پڑتا ہے۔ مرینا خان اور عتیقہ اوڈھو پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ میں نے ان دونوں کے ساتھ آج تک کام نہیں کیا۔

بگڑتی صحت کی وجہ سے اسٹیج سے وقفہ لے رہا ہوں، ذاکر خان

بالی وڈ کی کئی ہٹ فلموں میں کام کرنے والے اداکار کا انتقال

محبت آنی جانی چیز ہے، شادی ایک ہی کی، گلوکارہ طاہرہ سید

نعیم بخاری ویسے بھی بچوں کے ساتھ زیادہ وقت نہیں گزارتے تھے

سلینا گومز کی شادی کی تاریخ سامنے آگئی

33 سالہ گلوکارہ اپنے 37 سالہ منگیتر سے رواں ماہ کے اختتام پر شادی کرنے والی ہیں



سپورٹس SPORTS

محمد حارث کو لانے کیلئے حسن نواز کو برباد کیا جا رہا ہے، کامران اکمل

محمد حارث کو جس نمبر پر کھلایا جا رہا ہے وہ وہاں اسے پرفارمنس دکھانے کا موقع نہیں مل رہا



کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے کہا ہے کہ بیٹر حسن نواز کو برباد کیا جا رہا ہے۔ ایک ٹی وی پروگرام میں بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ محمد حارث کو جس نمبر پر کھلایا جا رہا ہے وہ وہاں اسے پرفارمنس دکھانے کا موقع نہیں مل رہا۔ اس کو فارم میں لانے کیلئے اپنے پرائم بیٹسمین حسن نواز کو خراب کیا جا رہا ہے، اسی وجہ سے کپتان آغا سلمان بھی تذبذب کا شکار ہو رہا ہے، اگر اسے پہلے 6 اوورز کھلائے جائیں تو مجھے امید ہے کہ وہ 60 سے 65 رنز بنا سکتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں کامران اکمل نے کہا کہ ماضی میں بھی ایسا ہوتا رہا ہے، بہت سے کھلاڑی اسی وجہ سے کارکردگی نہیں دکھا پائے، آصف علی کی مثال ہمارے سامنے ہے اس نے بھی دل برداشتہ ہو کر کرکٹ چھوڑ دی تھی۔ کامران اکمل نے مزید کہا کہ ٹیم میں فیورٹ ازم چل رہا ہے کہ جو کھلاڑی چیئرمین کپتان کوچ کی پسند یا مرضی کا ہوگا اسی کو ٹیم میں جگہ مل رہی ہے۔ پاکستان کے سابق فاسٹ بولر تنویر احمد نے محمد حارث کی خراب فارم پر انہیں آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر سابق بولر تنویر احمد لکھا کہ 'اگر محمد حارث نے ایسے ہی کھیلنا تھا تو محمد رضوان کو کیا جان بوجھ کر ٹیم سے باہر کیا گیا ہے۔' حارث اپنی آخری 9 ٹی 20 اننگز میں صرف 38 رنز بنا سکے ہیں۔ انہوں نے جولائی میں بنگلا دیش کے خلاف 0، 4 اور 5 رنز بنائے ہیں۔

کراچی: سندھ حکومت کی جانب سے ضلع جنوبی اور ضلع شرقی کراچی میں یوم دفاع کے حوالے سے بیڈمنٹن کا میچ کھیلا جا رہا ہے۔ (این این آئی فوٹو)

پاکستان اور جنوبی افریقہ سیریز کیلئے وینیوز کو حتمی شکل دیدی گئی

پاکستان اور جنوبی افریقہ کی سیریز کے میچز لاہور، راولپنڈی اور فیصل آباد میں ہوں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور جنوبی افریقہ کے 2008ء کے بعد انٹرنیشنل میچز کی میزبانی کرے گا۔ ... درمیان ہونے والی سیریز کے لیے وینیوز کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور جنوبی افریقہ کی سیریز کے میچز لاہور، راولپنڈی اور فیصل آباد میں ہوں گے، کرکٹ جنوبی افریقہ کی ریکی ٹیم نے بھی ان تینوں وینیوز کا دورہ کیا تھا۔ فیصل آباد میں وائٹ بال سیریز کے میچز ہوں گے۔ فیصل آباد ... جنوبی افریقہ کا ٹیسٹ اسکواڈ اکتوبر کے پہلے ہفتے میں لاہور پہنچے گا، ٹیسٹ میچز لاہور اور راولپنڈی میں ہوں گے۔ پہلا ٹیسٹ میچ لاہور میں 12 اکتوبر سے شروع ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور جنوبی افریقہ کی سیریز کے شیڈول کا باضابطہ اعلان جلد متوقع ہے۔

ویرات کوہلی اور ایم ایس دھونی نے یووراج سنگھ کی پیٹھ میں چھرا گھونپا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر یووراج سنگھ کے والد یوگراج سنگھ نے ایک بار پھر اپنے بیٹے کے ساتھی کھلاڑیوں پر سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ یوگراج سنگھ نے اپنے حالیہ انٹرویو کے دوران کہا کہ ویرات کوہلی اور ایم ایس دھونی سمیت بیشتر کھلاڑی 'پیٹھ میں چھرا گھونپنے والے' تھے جبکہ سچن ٹنڈولکر ہی صرف ان کے بیٹے کے اصل دوست ثابت ہوئے۔ 'انسائیڈ اسپورٹس' سے گفتگو کے دوران یوگراج سنگھ نے ...

حیدر علی نے کیس سے بری ہونے کے بعد پاکستان کیلئے اڑان بھرلی

نیلام عام محاصل آمدنی ٹھیکہ پارکنگ فیس

پارکنگ/اسٹینڈ برائے مالی سال 2025-26ء میونسپل کمیٹی جہلم

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی جہلم درج ذیل مدات آمدنی ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2025-26 کا نیلام عام بمقام جناح ہال دفتر میونسپل کمیٹی جہلم میں مورخہ 12-09-25 بوقت 11.00 بجے دن کروا رہی ہے۔

1۔ جن حضرات نے پنجاب کے کسی بھی ضلع سے سال 2025-26 کی رجسٹریشن کروائی ہو وہ حضرات تاریخ اور وقت پر تشریف لا کر نیلام عام میں حصہ لے سکتے ہیں۔
2۔ پنجاب لوکل گورنمنٹ (آکشن آف کولیکشن رائٹس) رولز 2016 کے تحت شرائط نیلام ٹھیکہ کے مجاز درج شدہ رقم 10 فیصد زر ضمانت بذریعہ کال ڈیپازٹ ہمراہ نقل شناختی کارڈ، این ٹی این نمبر جمع کروانا لازمی ہوگا۔
3۔ ٹھیکیدار خود بولی میں حصہ لینے کا پابند ہوگا / نمائندہ کی صورت میں اتھارٹی لیٹر ہونا ضروری ہے۔
4۔ میونسپل کمیٹی جہلم یا کسی اور محکمہ کی طرف سے بلیک لسٹ کیا گیا شخص / فرم نیلام عام میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔
5۔ کامیاب بولی دہندہ کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ٹھیکہ کی ضمانت کے لیے کوئی ضامن فراہم کرے گا۔ ضامن بینک گارنٹی دینے کا پابند ہوگا۔ ضامن کے لے ضروری ہے کہ وہ اپنی سابقہ چھ ماہ کی بینک سٹیٹمنٹ فراہم کرے گا۔
6۔ کسی بھی ٹھیکیدار کے نادہندہ ہونے یا بلیک لسٹ ثابت ہونے پر ٹھیکہ یا بولی مسترد تصور ہوگی۔
7۔ مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ وجہ بتائے بغیر کسی شخص کو بولی دینے سے روک دے یا کوئی بولی مسترد کر دے۔
8۔ ٹھیکیدار فیس کی شرح حکومت پنجاب کے منظور شدہ شیڈول نوٹیفکیشن کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔
9۔ ذرائد پر بینک چارجز وصول کرنے کی صورت میں ادائیگی بذمہ ٹھیکیدار ہوگی۔
10۔ تمام متعلقہ قوانین، رولز اور بائی لاز نافذ العمل کی پابندی کرنا لازمی ہے۔

نمبر شمار	ہیڈ آف آمدن	قیمت محفوظ	زر ضمانت	میعاد ٹھیکہ	ریٹ
1	پارکنگ فیس پارکنگ سٹینڈ	850000	85000	15-09-2025 to 30-06-2026	بمطابق رائج الوقت گزٹ نوٹیفکیشن

نوٹ: شرائط و دیگر تفصیلات دفتری اوقات کار میں میونسپل آفیسر فنانس سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

چیف آفیسر: میونسپل کمیٹی جہلم
المشتہر
ایڈمنسٹریٹر: میونسپل کمیٹی جہلم

IPL-4509

... عالمی امن مشنز میں بھی کردار ادا کر رہی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بنیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ نے سمندری حدود کا تحفظ کرتے ہوئے دشمن کی کسی بھی ممکنہ جارحیت کو ناکام بنایا۔ صدر مملکت نے کہا کہ قوم کو اپنے شہداء اور غازیوں پر فخر ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ یوم بحریہ پر ہم شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں غذائی قلت پیدا ہونے کا خدشہ ہے: فلار ملز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فلار ملز ایسوسی ایشن نے خیبر پختون خوا میں غذائی قلت کے خدشے کا اظہار کر دیا۔ ایک بیان میں فلار ملز ایسوسی ایشن نے کہا کہ پنجاب حکومت گندم خیبر پختون خوا لے جانے کی اجازت نہیں دے رہی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق گندم روکے جانے سے خیبر پختون خوا میں غذائی قلت پیدا ہونے کا خدشہ ہے، اس کے ساتھ ہی ملز بڑے پیمانے پر نقصان کا سامنا کر رہی ہیں۔ فلار ملز ایسوسی ایشن کے مطابق گندم کی ترسیل سے وابستہ مزدوروں کے بیروزگار ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق وفاق خیبر پختون خوا کی ملوں کو گندم کی فراہمی کے لیے حل نکالے، کے پی کو زیادہ گندم پنجاب اور سندھ سے فراہم کی جاتی ہے، فلار ملز ایسوسی ایشن کے مطابق خیبر پختون خوا کی ملز گندم ڈیلرز اور کاشت کاروں کو رقوم ادا کر چکی ہیں، رکاوٹ کی وجہ سے صوبے کی ملوں کو نقصان کا سامنا ہوگا۔

مری، فوڈ اتھارٹی کی کارروائیوں میں 700 لیٹر پانی ملا دودھ تلف

مری (این این آئی) مری میں فوڈ اتھارٹی نے ناقص اور ملاوٹی دودھ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 700 لیٹر پانی ملا دودھ موقع پر تلف کر دیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق یہ کارروائیاں مری کے داخلی راستوں پر ناکے لگا کر کی گئیں جہاں دودھ بردار گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 4 دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 700 لیٹر دودھ کا معائنہ کیا گیا جبکہ ناقص دودھ لے جانے والی گاڑیوں پر 45 ہزار جرمانہ عائد کیا گیا۔

گوجرخان میں جشن ولادتِ خاتم النبیین ﷺ کی خوشی میں جلوس نکالا گیا

جشن میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے شہر کو خوبصورتی کیساتھ سجانے چراغاں کرنے اور مختلف مقامات پر روح پرور محفلوں کا اہتمام کیا گیا

تمام جلوس مقررہ راستوں سے ہوتے ہوئے مرکزی جامع مسجد پہنچے جہاں محفل میلاد کے اختتام پر تمام میلاد کمیٹیوں کے زعماداران کو اسناد دی گئیں

گوجرخان (قمر شہزاد) ماہ ربیع الاول رواں ہے یہ مبارک مہینہ ختم المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی دنیا میں آمد اور رخصت کا مہینہ ہے۔ حضور ﷺ کی تشریف آوری اور رخصت کا یوم اور تاریخ ایک ہی 12 ربیع الاول ہے۔ ملک بھر کی طرح تحصیل گوجرخان میں روایت کے مطابق جشن میلاد مصطفےٰ پوری عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وخروش سے منایا گیا۔ صبح کا آغاز نماز فجر کے بعد قوم و ملک کی سلامتی اور ترقی کیلئے مساجد میں خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ جشن میلاد النبی ﷺ کے موقع پر شہر اور قصبات کی مساجد (بقیہ نمبر 19)

بُنیان المرصوص آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہے، وزیر دفاع

اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو شکست دی، دشمن آج بھی اپنے زخم چاٹ رہا ہے

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو شکست دی، دشمن آج بھی اپنے زخم چاٹ رہا ہے۔ سیالکوٹ میں تقریب سے خطاب کے دوران خواجہ آصف نے کہا کہ چھ ستمبر کی تقریب میں مدعو ہونا میرے لیے قابل فخر ہے، بُنیان المرصوص آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے مزید (بقیہ نمبر 20)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال سیلاب زدہ علاقوں کے دورہ کے دوران لوگوں سے مل رہے ہیں۔

تیز رفتار ڈالہ نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، دو بچے جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ڈالا کہ موٹر سائیکل کو کچل دینے سے دو بچے جاں بحق اور میاں بیوی شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے علاقہ چک مبارک چونگی کے قریب مرغیوں والے ڈالا نے موٹر سائیکل کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں اس پر سوار میاں بیوی شاہپور (بقیہ نمبر 21)

عید میلاد النبی ﷺ، قیدیوں کی سزا میں 180 روز کی خصوصی معافی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ملک بھر کی جیلوں میں سزا کاٹنے والے قیدیوں کی سزا میں 180 روز کی خصوصی معافی منظور کر لی۔ یہ معافی آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت وزیر اعظم شہباز شریف کی مشاورت اور اتفاق رائے سے دی گئی ہے۔ وفاقی کابینہ نے 100 روز کی معافی کی سفارش کی تھی، مشاورت کے بعد صدر اور وزیر اعظم نے اسے بڑھا کر 180 دن کر دیا۔ ایوانِ صدر کے (بقیہ نمبر 22)

اہلِ فلسطین کو غزہ سے بے دخل کرنے کے بیانات کی مذمت

اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اسرائیل کے اہلِ فلسطین کو غزہ سے بے دخل کرنے کے بیانات کی مذمت کر دی۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، عالمی برادری اہلِ فلسطین کی حالت (بقیہ نمبر 23)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس کی کارروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری سال 2024 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھا، وارث خان پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس (بقیہ نمبر 25)

علیمہ خان پر انڈا پھینکنے کی مذمت کرتا ہوں، کیپٹن (ر) صفدر

جس طرح کی سخت جیل مریم نواز نے کاٹی بانی پی ٹی آئی 15 دن نہیں کاٹ سکتے

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ علیمہ خان پر انڈا پھینکنے کی مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح کی سخت جیل مریم نواز نے کاٹی بانی پی ٹی آئی 15 دن نہیں کاٹ سکتے۔ کیپٹن (ر) صفدر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں تمام سہولیات میسر ہیں۔ یاد رہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی بہن علیمہ خان (بقیہ نمبر 24)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور دیگر جاتی امراء میں محفل میلاد کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں

سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کیلئے پرعزم

راولپنڈی سی ٹی او کے سرکل افسران سمیت تمام جوانوں کو نو پارکنگ وتجاوزات کیخلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری

دوسرے روڈ یوزرز کیلئے تکلیف کا باعث بننے والوں کیساتھ کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے، فرحان اسلم کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی ضلع راولپنڈی میں ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کیلئے پرعزم، سرکل افسران سمیت تمام جوانوں کو نو پارکنگ وتجاوزات کیخلاف سخت کاروائی کے احکامات جاری، دوسرے روڈ یوزرز کیلئے تکلیف کا باعث بننے والوں کیساتھ کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم ضلع راولپنڈی میں ٹریفک (بقیہ نمبر 26)

یوم دفاع پر جی ایچ کیو میں یادگارِ شہداء پر تقریب

چیف آف جنرل اسٹاف نے پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

راولپنڈی (این این آئی) یوم دفاع پر راولپنڈی میں جنرل ہیڈکوارٹرز میں یادگار شہداء پر تقریب کا انعقاد ہوا۔ چیف آف جنرل اسٹاف نے پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ یادگار شہداء، ملتان، گوجرانوالہ اور کھاریاں گیریژنز میں تقاریب منعقد کی گئیں، یادگار شہدا پر چادریں چڑھائی گئیں۔ اس موقع پر شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ کور کمانڈر لاہور نے یادگار شہداء پر حاضری دی۔ (بقیہ نمبر 28)

ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ آراے بازار پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آراے بازار پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص نے 15 پر کال کی کہ 02 نامعلوم افراد اس سے موبائل فون چھین (بقیہ نمبر 27)

6 ستمبر کا دن ہماری تاریخ کا لازوال دن ہے، آئی جی اسلام آباد

افواج پاکستان، قوم نے مل کر کس طرح دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن ہماری تاریخ کا ایک لازوال باب ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ افواج پاکستان اور پاکستانی قوم نے مل کر کس طرح دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے 12 ربیع الاول اور یوم دفاع پاکستان کی صبح کا آغاز مسجد میں قرآن خوانی سے کیا، پولیس افسران وجوانوں نے وطن کا دفاع کرنے والے شہداء کے لئے (بقیہ نمبر 29)

ڈکیتی موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے مسروقہ و چھینے گئے 2 موٹر سائیکل، موبائل فون، رقم 2 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے مسروقہ و چھینے گئے 2 موٹر سائیکل، موبائل فون، رقم 2 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد (بقیہ نمبر 31)

وزیر اعلیٰ کی پنجاب ٹیم صوبہ بھر میں مصروف عمل

مریم نواز کی ہدایت پر صوبہ بھر میں سیلاب متاثرین کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پنجاب ٹیم صوبہ بھر میں مصروف عمل ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں سیلاب متاثرین کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی جاری ہے۔ متاثرین کے لئے پینے کے صاف پانی کے کنٹینرز کا اہتمام کیا گیا ہے۔ کشتیوں میں رکھ کر پینے کے صاف پانی کے کنٹینرز سیلاب متاثرین کو پہنچائے (بقیہ نمبر 30)

گوجرخان سے افغانستان جانیوالے خاندان پر قیامت صغریٰ برپا

کرایہ زائد ہونے کی بنا پر ایک ٹرک میں سارا سامان لوڈ کر کے جانے والے بھائی جی ٹی روڈ پر اوور ہیڈ برج سے ٹکرا گے

نجیب خان موقع پر جاں بحق گوجرخان میں سپرد خاک دوسرے بھائی کی حالت تشویشناک خاندان بوقت رخصت دلخراش یادیں لیکر روانہ ہوگا

گوجرخان (قمر شہزاد) حکومت پاکستان کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے گوجرخان جھنڈا میں رہائش پذیر خاندان اپنا تمام ساز و سامان ایک ٹرک میں لاد کر جب اپنے وطن افغانستان کے لیے محو سفر ہوا تو گوجرخان سٹی میں جی ٹی روڈ پر ان پر قیامت صغریٰ برپا ہوگئی۔ جب کرایہ زائد ہونے کی بنا پر ایک ہی گاڑی میں سارا سامان لوڈ کرنے کی بنا پر دو نوجوان بھائی سامان کے ساتھ اوپر بیٹھ گے۔ ڈی ایس پی آفس کے قریب واقع اوور ہیڈ برج کے ساتھ ٹکرانے سے نجیب خان موقع پر جانبحق ہوگیا اور دوسرا بھائی شدید زخمی ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 32)

سابق رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) نیو ٹاؤن پولیس نے سابق رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری نومبر 2022 سے پولیس کو مطلوب تھا، نیو ٹاؤن پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا۔

لاہور: کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں ہنرمند کھڈی پر قالین تیار کر رہا ہے، ہاتھ سے بنے قالینوں کی عالمی نمائش اگلے ماہ لاہور میں منعقد ہوگی

حضرو کے علاقہ کامرہ مین مارکیٹ سنسان پڑی ہے

کامرہ کینٹ مہنگائی کے ہاتھوں تاجر برادری مشکلات کا شکار

بازار سنسان کرایہ ادا کرنا مشکل، حکومت اقدامات اٹھائے

حضرو (ملک یاسر سے) حضرو کے علاقہ کامرہ مین مارکیٹ جہاں مہنگائی کی وجہ سے تاجر برادری پرشان سارا سارا دن دکاندار ایک دوسرے کا منہ تکتے رہتے اور کاک نہ ہونے کے برابر حتی کہ دکانوں کے کرائے بھی پورے کرنا مشکل اکثر اوقات تو کرایہ جیب سے ادا کرنا پڑھتا عوام مہنگائی کے ہاتھوں پرشان خریداری میں کمی تاجر پرشان ملکی حالات دن بہ دن مشکل مہنگائی کی اوسط شرح اسی رفتار سے بڑھتی رہی تو جو حالات مارکیٹوں کے آج (بقیہ نمبر 33)

کامرہ، جشن عید میلاد النبی ﷺ جوش وجذبہ سے منایا گیا

جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس موتی مسجد سے نکالا گیا

حضرو۔ (ملک یاسر سے) ملک بھر کی طرح کامرہ کینٹ میں بھی مرکزی میلاد کمیٹی کامرہ کینٹ رجسٹرڈ کے زیر اہتمام حضور نبی کریم ﷺ کا 1500 واں جشن ولادت نہایت ہی عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وجذبے سے منایا گیا 12 ربیع الاول کو صبح 8 بجے جشن عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس موتی مسجد سے نکالا گیا، جلوس کا آغاز صاحبزادہ نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر کیا جلوس کی قیادت علامہ مولانا حافظ محمد حامد رضا، صدر میلاد کمیٹی (بقیہ نمبر 34)

ملک بھر کی طرح کامراہ کینٹ میں بھی عید میلاد النبی کے سلسلہ میں ریلی نکالی جارہی ہے

شاہکوٹ، جشن عید میلاد النبی کے موقع پر جلوس کا اہتمام

جلوس کی قیادت قاری فقیر حسین فریدی، حافظ محمد ندیم اور حافظ محمد ضیاء نے کی

شاہکوٹ (میاں داؤد) نواحی گاؤں 91 رب دھنوآنہ میں جشن عید میلاد النبی ص کے موقع پر تحریک لبیک پاکستان دھنوآنہ کے کارکنوں کی جانب سے ایک شاندار جلوس کا اہتمام کیا گیا جلوس کا آغاز بابا جی ریاضت علی ان کے مزار سے ہوا اور اپنے روایتی راستوں سے ہوتا ہوا سرکار کی آمد مرحبا کے نعرے اور درود وسلام پڑھتا ہوا جامعہ فیضان (بقیہ نمبر 35)

پاک بحریہ ایک جدید اور کثیر جہتی فورس کے طور پر ابھری ہے

صدر مملکت کا پاک بحریہ کے افسران وجوانوں کی بہادری اور خدمات کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک بحریہ کے افسران وجوانوں کی بہادری اور خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ایک جدید اور کثیر الجہتی فورس کے طور پر ابھری ہے، بُنیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ نے سمندری حدود کا تحفظ کرتے ہوئے دشمن کی کسی بھی ممکنہ جارحیت کو ناکام بنایا۔ یوم بحریہ پر صدر آصف علی زرداری نے قوم کے نام اپنے پیغام میں پاک بحریہ کے افسران و جوانوں (بقیہ نمبر 51)

سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات درج کرنے کیخلاف احتجاج

احتجاجی ریلی نکالی گئی جو ایس یو پی آفس سے شروع ہو کر پریس کلب پہنچی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات درج کرنے کے خلاف احتجاج، کندھ کوٹ، کندھ کوٹ میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی (ایس یو پی) کے مرکزی صدر سید زین شاہ کے خلاف درج کیے گئے جھوٹے مقدمات کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جو ایس یو پی آفس سے شروع ہو کر پریس کلب پہنچی۔ احتجاجی مظاہرے میں مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنماؤں سمیت کارکنوں کی بڑی (بقیہ نمبر 36)

کندھ کوٹ، سندھ یونائیٹڈ پارٹی کا سید زین شاہ پر جھوٹے مقدمات کے خلاف احتجاج کیا جارہا ہے

کمیشن مافیا اور نا اہل ٹھیکیدار نے شاہراہ کو تالاب بنا ڈالا

عوام کے لیے سہولت نہیں بلکہ اذیت ناک تماشا بن چکی ہے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) چوآ سیدن شاہ کلر کہار روڈ پر کٹاس کے مقام پر سڑک کی تعمیر، عوام کے لیے سہولت نہیں بلکہ اذیت ناک تماشا بن چکی ہے۔ کمیشن مافیا اور نا اہل ٹھیکیدار نے مل کر عوام دشمنی کی بدترین مثال قائم کر دی ہے، بارش کے بعد سڑک (بقیہ نمبر 37)

سابق امیدوار برائے چیئر مین تحصیل حویلیاں حافظ ولی الرحمان خان جدون سے سماجی شخصیت ملک شکیل اعوان کی اہم ملاقات، علاقائی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 30 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرلئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، سنگین جرائم میں ملوث پانچ اشتہاری مجرمان سمیت 30 جرائم پیشہ عناصر گرفتار، گرفتار ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں ہیروئن، آئس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے (بقیہ نمبر 38)

ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے مؤثر اقدامات

سینئر افسران کا بازاروں کا دورہ، ٹریفک روانی کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں، سینئر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا، ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک افسران کو اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے متعلق بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک پولیس آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں کی خصوصی ہدایات کی (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پاکستانی فضائیہ نے معرکہ حق میں دنیا کو حیران کر دیا، صدر و وزیراعظم

پاک فضائیہ نے ہمیشہ ملکی حدود کا دفاع کیا، قوم اپنے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے

پاک فضائیہ نے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا، قوم کو پاک فضائیہ کی صلاحیتوں پر فخر ہے' یوم فضائیہ پر پیغامات

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے یوم فضائیہ پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان ایئر فورس نے مسلح افواج کے ساتھ مل کر بھارت کے خلاف معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا اور جس طرح ہر محاذ پر دشمن کو شکست دی، اس نے پوری دنیا کو حیران کر دیا۔ ہر سال سات ستمبر کو پاکستان میں یوم فضائیہ منایا جاتا ہے اس موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاک فضائیہ نے 1965 کی جنگ میں شجاعت کی تاریخ رقم کی، پاک فضائیہ فضائیہ نے اپنی شاندار مہارت (بقیہ نمبر 40)

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا عید میلاد النبی کے موقع پر ملک سیف الملوک کھوکھر اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

بھائیوں نے بہن کی زمین محکمہ کی ملی بھگت سے فروخت کردی

سرگودھا (این این آئی) بھائیوں نے بہن کی زمین اس کے بچوں کے نام کرنے کی بجائے محکمہ کی ملی بھگت سے فروخت کر دی جس کے انکشاف پر اینٹی کرپشن نے چاروں بھائیوں حلقہ پٹواری اور تحصیلدار خریداروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جس میں مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ منکیرہ کے محلہ کیسانوالہ کی خاتون نے اپنا وراثتی رقبہ تقریبا 19 کینال اپنے بھائیوں کو بطور (بقیہ نمبر 41)

پنجاب میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن

بڑے پیمانے پر گندم برآمد، 75 ہزار 886 میٹرک ٹن گندم ضبط کر لی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئیں، اب تک 75 ہزار 886 میٹرک ٹن گندم ضبط کر لی گئی ہیں، 88 گودام بھی سیل کر دیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر صوبے بھر میں ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ محکمہ پرائس (بقیہ نمبر 42)

سیلاب متاثرین کے نقصانات کی تلافی کی جائے گی، معین وٹو

اوکاڑہ (این این آئی) وفاقی وزیر میاں معین وٹو کا کہنا ہے کہ حکومت نے سیلاب متاثرین کے نقصانات کا تخمینہ لگانا شروع کر دیا ہے، نقصانات کی تلافی کی جائے گی، کسانوں کی اگلی فصل کی بوائی کے لیے مالی اعانت بھی کی جائے گی۔ اوکاڑہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر میاں معین وٹو نے کہا کہ فیڈرل فلڈ کمیشن کو گراؤنڈ لیول پر پانی اسٹور کرنے کی تجاویز مرتب کرنے کا کہہ دیا ہے، مستقبل میں سیلاب کے اثرات کم (بقیہ نمبر 43)

ارلی وارننگ کیلئے قرض ملا، مگر حکومت نے کوئی اقدامات نہیں کیے

سسٹم نہ لگانے کے ذمے داران کا تعین کیا جانا چاہیے' حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم پوائنٹ اسکورنگ نہیں کرتے، راستے تلاش کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں آبی وسائل کے تحفظ پر سیمینار سے خطاب میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ چاہتے ہیں کہ مسائل کا حل بھی عوام کے سامنے رکھیں، ہم پوائنٹ اسکورنگ نہیں راستے تلاش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے پاس ماہرین کی کمی نہیں دیانت کی کمی ہے۔ امیر (بقیہ نمبر 44)

سیلاب متاثرین کی کشتی الٹ گئی' خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

کشتی پر زیادہ تر خواتین اور بچے سوار تھے اور پانی کی گہرائی 15 سے 20 فٹ تک تھی، رپورٹ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعے کا نوٹس لیا، متاثرہ خاندانوں سے اظہارِ تعزیت کیا



لاہور: سیکرٹری سیاحت، آثار قدیمہ، عجائب گھر ڈاکٹر احسان بھٹہ ٹی ڈی سی پی کے زیراہتمام محفل میلاد میں شریک ہیں

ملتان/لاہور (این این آئی) ملتان کے قریب جلال پور پیروالا میں سیلاب متاثرین کی کشتی الٹ گئی، جس کے نتیجے میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ملتان کی ضلعی حکومت کے ترجمان وسیم یوسف نے بتایا کہ جلال پور پیروالہ میں دریائے چناب میں ریسکیو 1122 کی کشتی الٹنے سے تین بچے اور ایک خاتون جاں بحق ہو گئے۔ محکمے کی ابتدائی رپورٹ میں وضاحت کی گئی کہ کشتی ایک درخت سے ٹکرا گئی اور تیز بہاؤ کی وجہ سے الٹ گئی، جبکہ کشتی میں سوار خواتین اور بچے اپنا توازن قائم (بقیہ نمبر 45)

شہر بانو نقوی ایشیاء سوسائٹی فیلوشپ کیلئے منتخب پہلی پاکستانی خاتون افسر

ایشیاء 21 نیکسٹ جنریشن سمٹ اسی سال 5 تا 7 دسمبر کو فلپائن میں منعقد ہوگی

لاہور (این این آئی) خاتون پولیس افسر شہر بانو نقوی کو ایشیاء سوسائٹی 21 نیکسٹ جنریشن فیلو شپ کیلئے منتخب کر لیا گیا۔ پنجاب پولیس کے ترجمان کے مطابق ایشیاء سوسائٹی نے اے ایس پی شہر بانو کو کلاس آف 2025 کیلئے منتخب کیا، اے ایس پی شہر بانو (بقیہ نمبر 46)

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان، 9 وزرا سمیت 10 ایم پی ایز پی ٹی آئی سے برطرف

گلگت (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ حاجی گلبر خان اور پی ٹی آئی کے 10 اراکین جی بی اسمبلی (جن میں 9 وزرا بھی شامل ہیں) کو پارٹی کے خلاف سازش کرنے، فارورڈ بلاک بنانے اور پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ ڈالنے کے الزام میں برطرف کر دیا۔ پی ٹی آئی نے سابق گورنر جی بی اور پی ٹی آئی گلگت بلتستان کے صدر راجہ جلال حسین مقپون (بقیہ نمبر 47)

ضلع راجن پور میں 50 اسکولوں سے سولر پینلز چوری

پی اے سی کا اسکولوں کے سولر پینلز کی چوری کے واقعات پر تشویش کا اظہار

راجن پور (این این آئی) پنجاب میں سال 2022 اور 23 کے دوران سرکاری اسکولوں سے سولر پینلز کی چوری کے واقعات کا انکشاف ہوا جب کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے صوبے میں سولر پینلز کی چوری کے واقعات کی تحقیقات پولیس سے کرانے کی ہدایت کردی۔ رپورٹ کے مطابق صرف ضلع راجن پور میں 50 اسکولوں سے سولر پینلز چوری (بقیہ نمبر 48)

مظفر گڑھ: فلاحی تنظیم کے اہلکار سیلاب کے پانی میں گھری ہوئی فیملی کو ریسکیو کر کے فلڈ ریلیف کیمپ میں لے کر جارہے ہیں

مالاکنڈ' شوہر نے بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو قتل کر دیا

مالاکنڈ (این این آئی) ضلع مالاکنڈ میں گھریلو تنازع پر شوہر نے بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ مالاکنڈ کے علاقے ڈھیری جولگرام کنڈ کو میں پیش آیا جہاں گھریلو تنازع پر داماد نے گھر میں داخل ہو کر بیوی اور سسر سمیت 5 افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولین کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور ملزم کی تلاش جاری ہے۔

بھارت نے دریائے ستلج میں مزید پانی چھوڑ دیا، اونچے درجے کے سیلاب کا خطرہ

پنجاب میں 20 لاکھ 73 ہزار شہریوں 15 لاکھ 22 ہزار مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے، رپورٹ

بھارتی ہائی کمیشن نے دریائے ستلج میں 2 مقامات پر اونچے درجے کے سیلاب سے پاکستان کو آگاہ کر دیا

اسلام آباد/لاہور/ملتان/سکھر (این این آئی) بھارت نے دریائے ستلج میں مزید پانی چھوڑ دیا، پاکستان میں مزید سیلابی صورت حال کا خدشہ پیدا ہوگیا جبکہ بھارتی ہائی کمیشن نے دریائے ستلج میں 2 مقامات پر اونچے درجے کے سیلاب سے پاکستان کو آگاہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بھارت کی جانب سے پانی چھوڑے جانے کے بعد ہریکے اور فیروز پور کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ ہے، وزارت آبی وسائل نے متعلقہ اداروں کو ہنگامی الرٹ جاری کر دیا۔ (بقیہ نمبر 49)

امریکا سے سیلاب زدگان کیلئے پہلی امدادی پرواز پہنچ گئی

امریکا کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے امداد فراہم کی جائے گی' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کی جانب سے کہا گیا ہے کہ امریکا کی جانب سے سیلاب متاثرین کے لیے امداد فراہم کی جائے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امریکی آرمی سینٹرل کمانڈ کے ذریعے 6 پروازوں پر امدادی سامان پاکستان پہنچے گا، امدادی سامان لے کر پہلی پرواز اتوار کو پاکستان پہنچ گئی، سامان پاکستان آرمی کے حوالے کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امدادی سامان میں ٹینٹس، ڈی واٹرنگ پمپ اور جنریٹر شامل ہیں۔ امریکی ناظم الامور اور کمانڈر یو ایس آر سینٹ نے اسلام آباد میں امدادی سامان پاکستان آرمی کے حوالے کیا۔ امدادی سامان پاک فوج کے فلڈ (بقیہ نمبر 50)